**12.05.2025**

**13.50 Hrs**

**HL-OPENNING**

آداب

یہ آکاشوانی ہے

خبروں کے ساتھ میں ...................... محمد عمار

**Music**

☆ وزیر اعظم نریندر مودی نئی دلّی میں وزیر دفاع، وزیرِ خارجہ، قومی سلامتی کے مشیر ، چیف آف ڈیفنس اسٹاف اور مسلح افواج کی تینوں شاخوں کے سربراہوں کے ساتھ میٹنگ کررہے ہیں۔

☆ بھارت اور پاکستان کے فوجی کارروائیوں کے ڈائریکٹر جنرل لڑائی بند ہونے کے بعد آج شام متعلقہ طور طریقوں پر بات چیت کریں گے۔

☆ ملک میں جو 32 ہوائی اڈے عارضی طور پر بند کئے گئے تھے، وہ فوری طور پر کھول دیئے گئے ہیں۔

☆ بلوچ لبریشن آرمی نے بلوچستان میں ایک ساتھ 71 حملے کرکے بڑی کارروائی کی ذمہ داری قبول کی ہے۔

☆ یوکرین کے صدر زیلینسکی نے لڑائی ختم کرنے کیلئے ترکی میں روس کے صدر پوتن کے ساتھ بات چیت کرنے پر آمادگی ظاہر کی ہے۔

☆ اور وِراٹ کوہلی نے ٹسٹ کرکٹ سے ریٹائرمنٹ کا اعلان کیا ہے۔

**Music**

اب خبریں تفصیل سے............

**PM MEET**

وزیرِ اعظم نریندر مودی نئی دلّی میں اپنی رہائش گاہ پر اعلیٰ سطح کی ایک میٹنگ کی صدارت کررہے ہیں۔ وزیرِ دفاع راج ناتھ سنگھ، وزیرِ خارجہ ڈاکٹر ایس جے شنکر، قومی سلامتی کے مشیر اجیت ڈوبھال، دفاعی عملے کے سربراہ جنرل انل چوہان، مسلح افواج کی تینوں شاخوں کے سربراہان اور کئی سینئر عہدیداران میٹنگ میں شرکت کررہے ہیں۔×

**DGMO**

بھارتی فوج کے فوجی کارروائیوں کے ڈائریکٹر جنرل ، لیفٹنٹ جنرل راجیو گھئی آج شام پاکستان کے اپنے ہم منصب سے بات چیت کرنے والے ہیں۔ یہ دونوں عہدیدار ، اُن متعلقہ طور طریقوں پر تبادلۂ خیال کریں گے، جس کے نتیجے میں لڑائی

روکنے کے معاملے پر اتفاقِ رائے کو استحکام مل سکے۔ لیفٹننٹ جنرل گھئی نے کل شام آپریشن سندور کے بارے میں میڈیا کو جانکاری دیتے ہوئے یہ بات بتائی۔

لیفٹننٹ جنرل گھئی نے بتایا کہ آپریشن سندور کے تحت پاکستان اور پاکستان کے قبضے والے جموں و کشمیر کے علاقے میں دہشت گردوں کے 9 ٹھکانوں پر حملہ کیا گیا اور 100 سے زیادہ دہشت گرد مارے گئے۔ انہوں نے کہا کہ آپریشن سندور دہشت گردی کا ارتکاب کرنے والوں اور اِس کا منصوبہ تیار کرنے والوں کو سزا دینے کے واضح فوجی مقصد سے مرتب کیا گیا تھا۔ اِس کا مقصد دہشت گردوں کے بنیادی ڈھانچے کو بھی تہس نہس کرنا تھا۔

## OPERATION SINDOOR

آپریشن سندور سے فوجی اور غیر فوجی وسیلوں کے امتزاج کے ذریعے ملک کی فوجی اور کلیدی طاقت کی نمایاں عکاسی ہوئی ہے۔ اِس کثیر رخی کارروائی کے ذریعے دہشت گردوں کے ٹھکانوں کو تہس نہس کیا گیا، پاکستانی جارحیت پر لگام لگائی گئی اور دہشت گردی کو بالکل برداشت نہ کرنے کی بھارت کی پالیسی کو مزید تقویت ملی۔

پیش ہے ایک رپورٹ ... VC - Pallavi

*بھارت نے اپنی متوازن جوابی کارروائی کے ذریعے پاکستان کے دہشت گردی کے ڈھانچے کو عالمی سطح پر بے نقاب کردیا ہے۔ آپریشن سندور کے تحت درستگی اور پیشہ ورانہ فوجی کارروائی سے بھارت نے پاکستان میں کئی دہشت گردانہ اور فوجی ٹھکانوں کو تہس نہس کیا اور 100 سے زیادہ دہشت گرد مارے گئے۔ 9 اور 10 مئی کی درمیانی رات کو بھارت نے، جو جوابی فوجی کارروائی کی ، اُس سے اِس طرح کا پہلا واقعہ پیش آیا ہے کہ جب ایک ملک نے ایٹمی طاقت والے دوسرے ملک کے فضائیہ کے کیمپوں کو نقصان پہنچایا۔ تین گھنٹے کے اندر ہی نور خان ، رفیقی ، مرید ، سیالکوٹ اور جیکب آباد سمیت فضائیہ کے 13 اڈوں پر حملہ کیا گیا۔ بھارت نے معاشی اور سفارتی اعتبار سے پاکستان کو کامیابی کے ساتھ الگ تھلگ کردیا۔ دریائے سندھ سے متعلق آبی معاہدے کو معطل کرنے ، بھارت میں رہنے والے سبھی پاکستانی شہریوں کے ویزا منسوخ کرنے اور پاکستانی فنکاروں پر مکمل پابندی عائد کرنے جیسے اقدامات سے دہشت گردی کو بالکل برداشت نہ کرنے کے بھارت کے موقف کو مزید تقویت ملی۔*

*دِلّی سے Pallavi Parmar کی رپورٹ کے ساتھ اردو خبروں کیلئے میں شمیم عرفان۔ x*

## BJP-OPERATION SINDOOR

BJP نے کہا ہے کہ بھارت نے آپریشن سندور کے ذریعے دہشت گردی کے خلاف لڑائی میں پوری دنیا کو ایک

فیصلہ کن پیغام دیا ہے۔ آج نئی دلّی میں پارٹی ہیڈکوارٹرس میں ایک پریس کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے BJP کے ترجمان سمبت پاترا نے کہا کہ وزیرِ اعظم نریندر مودی نے پاکستان کو الگ تھلگ کرنے اور دہشت گردی سے نمٹنے کے بارے میں اتفاقِ رائے پیدا کرنے کی خاطر 20 ملکوں کے رہنماؤں سے براہ راست رابطہ قائم کیا۔ انہوں نے کہا کہ سعودی عرب ، متحدہ عرب امارات، امریکہ اور کئی اسلامی ملکوں سمیت اِن سبھی ملکوں نے بھارت کے موقف کے تئیں اپنی حمایت کا اظہار کیا۔

جناب پاترا نے کہا کہ پہلگام کے دہشت گردانہ حملے کے بعد جناب مودی نے یہ وعدہ کیا تھا کہ بھارت 26 افراد کی موت کا بدلہ لے گا۔ جناب پاترا نے مزید کہا کہ بھارتی فوج نے اِس کارروائی کے ذریعے بے مثال دِلیری اور شجاعت کا مظاہرہ کیا اور ملک کے ہر شہری نے بھارتی فوج، فضائیہ اور بحریہ کا شکریہ ادا کیا ہے، جنہوں نے آپریشن سندور کی کامیابی کو یقینی بنایا۔ جناب سمبت پاترا نے کہا کہ بھارت نے آپریشن سندور کے دوران پاکستان میں دہشت گردوں کے 9 ٹھکانوں کو تہس نہس کردیا۔ پارٹی ترجمان نے کہا کہ پہلی مرتبہ بھارت نے پاکستان کے صوبۂ پنجاب میں کارروائی کی ہے، جسے ملک کا مرکز مانا جاتا ہے۔ اِس طرح دہشت گردوں اور اُن کے کیمپوں کا صفایا کردیا گیا۔ انہوں نے یہ بھی کہا کہ آپریشن سندور فوجی اور غیرفوجی دونوں طریقوں پر مشتمل ہے۔ غیرفوجی حکمتِ عملی کے حصے کے طور پر دریائے سندھ سے متعلق 1960 کے آبی سمجھوتے کو معطل رکھا گیا ہے۔ انہوں نے کہا کہ یہ معاہدہ پاکستان کیلئے بہت اہمیت کا حامل ہے کیونکہ اُس کی 80 فیصد زراعت کا انحصار آبی وسائل پر ہے۔ x

**ARMY BORDER**

بھارتی فوج نے کہا ہے کہ جموں و کشمیر اور بین الاقوامی سرحد سے متصل دیگر علاقوں میں کَل رات صورتحال بڑی حد تک پُرامن رہی۔ فوج نے کہا ہے کہ کسی بھی واقعے کی اطلاع نہیں ملی ہے۔ اِس طرح حالیہ دنوں میں یہ ایسی پہلی رات ہے، جو پُرسکون رہی۔ x

**AIRPORT OPERATION**

سِول پروازوں کیلئے ملک میں، جو 32 ہوائی اڈے عارضی طور پر بند کئے گئے تھے، وہ فوری طور پر کھول دیئے گئے ہیں۔ بھارت اور پاکستان کے درمیان جنگ بندی کے تناظر میں ایسا کیا گیا ہے۔ اِس سے قبل اِن 32 ہوائی اڈوں کو سِول پروازوں کیلئے اِس مہینے کی 15 تاریخ تک بند رکھے جانے کا اعلان کیا گیا تھا۔

ایک بیان میں ایئرپورٹس اتھارٹی آف انڈیا نے مسافروں کو صلاح دی ہے کہ وہ ایئرلائنس سے پروازوں کی تازہ جانکاری سیدھے حاصل کریں اور متعلقہ ایئرلائنس کی ویب سائٹ سے تازہ معلومات پر نظر رکھیں۔ x

**BLA-BALOCHISTAN**

بلوچ لبریشن آرمی نے بلوچستان میں 51 سے زیادہ مقامات پر ایک ساتھ 71 حملے کرکے بڑی کارروائی کرنے کی ذمہ داری قبول کی ہے۔ ایک بیان میں گروپ نے کہا ہے کہ پاکستان میں نہ صرف عالمی دہشت گردوں کو بڑھاوا ملتا ہے بلکہ یہ لشکرِ طیبہ ، جیشِ محمد اور داعش جیسے خطرناک دہشت گرد گروپوں کو سرکار کی سرپرستی میں شہ دیئے جانے کا مرکز بھی ہے۔ بلوچ لبریشن آرمی نے کہا ہے کہ تشدد کی موجودہ لہر خطے میں طویل عرصے تک چلنے والی تحریکِ آزادی میں سے ایک ہے، جس سے کئی دہائیوں سے جاری انتشار ، محرومی اور خود مختاری کی مانگ کی عکاسی ہوتی ہے۔ x

**UKRAINE-RUSSIA TALKS**

یوکرین کے صدر وولودیمیر زیلنسکی نے ترکی میں روس کے اپنے ہم منصب ولادیمیر پوتن کے ساتھ دونوں ملکوں کے درمیان جاری تنازع کے خاتمہ کیلئے بات چیت کرنے پر آمادگی ظاہر کی ہے۔ آج ایک سوشل میڈیا پوسٹ پر صدر زیلنسکی نے کہا کہ وہ جنگ کے خاتمے کیلئے بات چیت کرنے کیلئے تیار ہیں۔ اُن کا یہ بیان ایسے وقت سامنے آیا ہے جب امریکی صدر ٹرمپ نے یوکرین پر زور دیا کہ وہ روسی صدر پوتن کی طرف سے تجویز کردہ مذاکرات سے فوری طور پر اتفاق کرے، جو جمعرات کو ترکی میں ہوسکتے ہیں۔x

**US PREZ-DRUG PRICES**

امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ نے اس عزم کا اظہار کیا ہے کہ وہ ملک میں تشخیص کی جانے والی داؤں کی قیمتوں میں 30 سے 80 فیصد کی کمی کر کے امریکی شہریوں کو ادویات کی زیادہ قیمتوں سے نجات دلائیں گے۔ ایک سوشل میڈیا پوسٹ پر صدر ٹرمپ نے آج اس سلسلے میں حکمنامے پر دستخط کرنے کا وعدہ کیا۔

انہوں نے امریکی صارفین کے کئی سالوں کی مایوسی کا بھی حوالہ دیا۔ ان برسوں کے دوران امریکی شہریوں نے دیگر ملکوں کے لوگوں کے مقابلے نمایاں طور پر دواؤں کی زیادہ قیمتیں ادا کیں۔ نئی پالیسی سے توقع ہے کہ امریکہ میں فروخت ہونے والی دواؤں کی قیمت کسی دوسرے ملک میں، اُسی دوا کیلئے ادا کی جانے والی سب سے کم قیمت کے برابر ہوگی۔ اس کیلئے ملک کی پسندیدہ پالیسی متعارف کرائی جائے گی۔ امریکی صدر نے دوا ساز کمپنیوں پر یہ الزام بھی لگایا ہے کہ وہ مہنگائی کے جواز کیلئے تحقیق و ترقی کے اخراجات کا حوالہ دے کر امریکیوں کا استحصال کررہی ہیں۔ اس اقدام سے امریکہ میں کینسر کے علاج اور اِنجکشن کیلئے دیگر ادوایات کی قیمتوں میں کمی آنے کی توقع ہے۔x

**ISRO CHAIRMAN**

خلائی تحقیق کی بھارتی تنظیم ISRO کے چیئرمین ڈاکٹر وی نارائنن نے کہا ہے کہ 10 سیٹلائٹس ملک کے شہریوں کی سلامتی اور تحفظ کو یقینی بنانے کی خاطر کلیدی مقصد سے لگاتار دن رات کام کررہے ہیں۔ کل اگرتلہ میں کالج آف Fisheries میں امپھال کی مرکزی زرعی یونیورسٹی میں تقسیمِ اسناد کی پانچویں تقریب سے خطاب کرتے ہوئے، ISRO کے چیئرمین نے کہا کہ اگر ہم اپنے ملک کے دفاع کو یقینی بنانا چاہتے ہیں تو ہمیں اپنے سات ہزار کلومیٹر کے سمندری ساحلی علاقوں پر نظر رکھنی ہوگی۔

جناب نارائنن نے مزید کہا کہ سیٹلائٹ اور ڈرون تکنیک کے بغیر ہم بہت سی چیزیں حاصل نہیں کرسکتے۔ انہوں نے کہا کہ کئی سیٹلائٹس کے ذریعے خلائی تحقیق کی بھارتی تنظیم ISRO مختلف شعبوں میں عام آدمی کی خدمت کرنے کے کام میں لگی ہوئی ہے۔ اِن میں زراعت ، ٹیلی ایجوکیشن ، ٹیلی میڈیسن ، ٹیلی ویژن نشریات ، موسم کی پیشگوئی ، ماحولیات ، غذا کے شعبے اور سکیورٹی اور کلیدی شعبے شامل ہیں۔ x

**BUDHA PURNIMA**

آج بدھ پورنیا منائی جارہی ہے۔ یہ دن نہ صرف اِس لیے منایا جاتا ہے کہ آج کے دن گوتم بدھ پیدا ہوئے تھے، بلکہ یہ دن اِس لیے بھی منایا جاتا ہے کہ آج ہی کے دن گوتم بدھ کو بودھ گیا میں مہابودھی درخت کے نیچے نروان حاصل ہوا تھا۔ اِس دن کو دنیا بھر کے بودھ اور ہندو مناتے ہیں اور یہ بھارت، نیپال، بھوٹان، برما، تھائی لینڈ، تبت، کوریا، لاؤس، ویتنام، منگولیا، کمبوڈیا، سنگا پور، انڈونیشیا اور سری لنکا جیسے ممالک میں ایک بڑا فیسٹول ہے۔

وزیراعظم نریندر مودی نے بودھ پورنیا کے مبارک موقع پر عوام کو مبارک باد دی ہے۔ ایک سوشل میڈیا پوسٹ پر انہوں نے کہا کہ سچائی، مساوات اور بھائی چارے کی اقدار پر مبنی بھگوان بودھ کے پیغامات انسانیت کیلئے مشعل راہ ہیں۔ جناب مودی نے مزید کہا کہ ایثار و قربانی سے بھرپور بھگوان بودھ کی زندگی، رحمدلی اور امن کیلئے عالمی برداری کو ہمیشہ تحریک دیتی رہے گی۔x

**NIA-KHALISTANI ARREST**

قومی جانچ ایجنسی NIA نے، بڑی کامیابی حاصل کرتے ہوئے، ایک اہم خالصتانی کارندے اور 2016 میں نابھا جیل توڑ کر فرار ہونے والوں میں شامل، کشمیر سنگھ Galwaddi کو گرفتار کیا ہے۔ یہ گرفتاری مقامی پولیس کے ساتھ ایک مشترکہ کارروائی میں بہار کے موتیہاری میں ہوئی۔ پنجاب کے لدھیانہ کا رہنے والا کشمیر سنگھ جیل توڑنے کے واقعے کے بعد سے فرار تھا، جو ببّر خالصہ انٹرنیشنل کے دہشت گرد ہروندر سنگھ Sandhu عرف Rinda کا قریبی تھا۔x

## NADDA-NURSE DAY

مرکزی وزیرِ صحت جے پی نڈا نے نرس کے عالمی دن کے موقع پر آج کہا کہ نرسوں کی خوشحالی، ملک کے صحت نظام اور ترقی سے براہ راست جڑی ہوئی ہے۔ ایک سوشل میڈیا پوسٹ پر جناب نڈا نے کہا کہ نرسوں کیلئے سرمایہ کاری کا مطلب ایک صحت مند معاشرے اور مضبوط مستقبل کیلئے ہے۔ انہوں نے نرسوں کی رحمدلی، طاقت اور عزم کو خراج تحسین پیش کیا۔ جناب نڈا نے سبھی پر زور دیا کہ وہ اُن لوگوں کی حفاظت اور قدر کریں اور انہیں باختیار بنائیں، جو دوسروں کا خیال رکھنے کیلئے اپنی زندگی وقف کردیتے ہیں۔×

## BIHAR KHADSE

نوجوانوں کے امور اور کھیلوں کے محکمے کی مرکزی وزیرِ مملکت رَکشا نِکھِل کھڈسے نے کہا ہے کہ اُن کی وزارت کا یہ ماننا ہے کہ 2047 تک وِکست بھارت بنانے میں نوجوانوں کو اور زیادہ بڑا رول ادا کرنا ہوگا۔ آج پٹنہ میں نامہ نگاروں سے بات کرتے ہوئے، محترمہ کھڈسے نے کہا کہ اُن کی وزارت کئی پروگراموں کو بڑھاوا دے رہی ہے تاکہ نوجوانوں کو ملک کی تعمیر کے مقصد کے ساتھ وابستہ کیا جاسکے۔ اِن میں '' مائی بھارت '' رضاکاروں کا پروگرام ، '' پد یاترا '' ، '' Yuva Connect '' اور '' مائی بھارت '' پورٹل شامل ہیں۔ انہوں نے نوجوانوں سے اپیل کی کہ وہ '' مائی بھارت '' پورٹل کے ساتھ منسلک ہوں۔

محترمہ کھڈسے نے مزید کہا کہ مائی بھارت رضاکاروں کو یکجا کیا جائے گا تاکہ وہ سرکار کی اسکیموں کو تقویت پہنچا سکیں اور اِس کی تشہیر میں معاونت کرسکیں۔ مرکزی وزیر نے یہ بھی کہا کہ نوجوان کشیدہ حالات اور سکیورٹی خطرات کے دوران اہم رول ادا کرسکتے ہیں۔

## VIRAT KOHLI-RETIREMENT

وِراٹ کوہلی نے ٹیسٹ کرکٹ میں شاندار 14 سال کے سفر کے بعد ریٹائرمنٹ کا اعلان کردیا ہے۔ کرکٹ کے موجودہ دور کے ایک عظیم کھلاڑی وراٹ کوہلی نے سوشل میڈیا پر اپنے مداحوں کے ساتھ اس خبر کو شیئر کیا ہے۔ اُن کے ریٹائرمنٹ کے اعلان سے بھارتی ٹیسٹ کرکٹ کے ایک عہد کا خاتمہ ہوگیا۔ وراٹ کوہلی نے ٹیسٹ کرکٹ میں 123 میچوں میں 46 اعشاریہ آٹھ پانچ رَن کی اوسط سے شاندار 9 ہزار 230 رن بنائے۔ اپنے 14 سالہ ٹیسٹ کریئر میں وراٹ کوہلی، سچن تینڈولکر، راہل دراوڑ اور سنیل گواسکر کے بعد بھارت کیلئے چوتھے سب سے زیادہ رن بنانے والے کھلاڑی ہیں۔ کوہلی کی کپتانی میں بھارت نے 2019 میں پہلی مرتبہ آسٹریلیا میں ٹیسٹ سیریز جیتی۔ انہوں نے اس سال کے اوائل میں بارڈ-گواسکر ٹرافی میں آسٹریلیا کے خلاف اپنا آخری ٹیسٹ میچ کھیلا تھا۔

وراکٹ کوہلی 2024 ٹی-ٹوینٹی عالمی کپ جیتنے کے بعد بین الاقوامی ٹی-ٹوینٹی میچوں سے پہلے ہی ریٹائر ہوچکے ہیں۔ اُن

کا یہ فیصلہ روہت شرما کے ٹیسٹ کرکٹ سے ریٹائرمنٹ کے اعلان کے کچھ دنوں بعد سامنے آیا ہے۔ کپتان کے طور پر اُن کی جگہ لینے والے دعویدار کھلاڑیوں میں شبھمن گِل سرفہرست ہیں۔×

☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆